# جائداد کی تقسیم کے اسلامی قوانین

مندرجہ ذیل تفصیل امریکہ اور کینیڈا کی سب سے بڑی اسلامی تنظیم ISNA (اسلامک سوسائٹی آف نارتھ امریکہ) کی تیار کردہ ہے۔ یہاں یہ ذکر کرنا بے جا نہ ہوگا کہ احقر (امتیاز احمد) کو امریکہ میں قیام کے دوران ISNA کی مجلسِ شوری کے ممبر کی حیثیت سے مسلسل آٹھ سال خدمات سرانجام دینے کا موقع ملا، الحمدللہ۔

**پہلی صورت: ایک یا زیادہ بیٹے (اور ایک یا زیادہ بیٹیاں):**

| | زندہ ورثاء کی تفصیل | وراثت کا حصہ |
|---|---|---|
| 1.a | کوئی اور رشتہ دار نہ ہو | سب وراثت ان بیٹوں اور بیٹوں کو ملے گی، جبکہ بیٹے کو بیٹی سے دوگنا حصہ ملے گا۔ |
| 1.b | اگر بیوی زندہ ہے | $\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.c | اگر خاوند زندہ ہے | $\frac{1}{4}$ خاوند کے لئے اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.d | والد اور والدہ زندہ ہیں | $\frac{1}{6}$ والد کے لئے، $\frac{1}{6}$ والدہ کے لئے اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.e | والدین میں سے ایک زندہ ہے | $\frac{1}{6}$ زندہ والد یا والدہ کے لئے اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.f | اگر 1.b / 1.c، 1.d اور 1.e کا کسی صورت میں اجتماع ہو | خاوند/ بیوی اور والدین کو اوپر بیان کردہ حصہ ملے گا اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.g | اگر دادا اور دادی زندہ ہیں جبکہ والد اور والدہ فوت ہو چکے ہیں | $\frac{1}{6}$ دادا کے لئے<br>$\frac{1}{6}$ دادی کے لئے<br>اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.h | 1.g جبکہ بیوی زندہ ہے | $\frac{1}{6}$ دادا کے لئے<br>$\frac{1}{6}$ دادی کے لئے<br>$\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے<br>اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.i | 1.g جبکہ خاوند زندہ ہے | $\frac{1}{6}$ دادا کے لئے<br>$\frac{1}{6}$ دادی کے لئے<br>$\frac{1}{4}$ خاوند کے لئے<br>اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 1.j | دادااور والدہ زندہ ہیں (والد نہیں ہیں) | ۱/۶ دادا کے لئے<br>۱/۶ والدہ کے لئے<br>اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.k | 1.j اور بیوی زندہ ہے | ۱/۶ دادا کے لئے<br>۱/۶ والدہ کے لئے<br>۱/۸ بیوی کے لئے<br>اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.l | 1.j اور خاوند زندہ ہے | ۱/۶ دادا کے لئے<br>۱/۶ والدہ کے لئے<br>۱/۲ خاوند کے لئے<br>اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.m | والد اور نانی زندہ ہیں (والدہ نہیں ہیں) | ۱/۶ والد کے لئے<br>۱/۶ نانی کے لئے<br>اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.n | 1.m اور بیوی زندہ ہے | ۱/۶ والد کے لئے<br>۱/۶ نانی کے لئے<br>۱/۸ بیوی کے لئے<br>اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.o | 1.m اور خاوند زندہ ہے | ۱/۶ والد کے لئے<br>۱/۶ نانی کے لئے<br>۱/۲ خاوند کے لئے<br>اور باقی جیسا کہ 1.a میں ہے۔ |
| 1.p | نانی اور دادی زندہ ہیں اور 1.g ، 1.h ، 1.i کی صورت میں | ۱/۶ کو دادی اور نانی کے درمیان آدھا آدھا تقسیم کیا جائے گا۔<br>باقی جیسا کہ 1.g ، 1.h اور 1.i میں ہے۔ |
| 1.q | اس صورت میں باقی رشتہ داروں کو نظر انداز کریں | |

۞ دوسری صورت: جبکہ ایک یا زیادہ بیٹیاں ہوں اور کوئی بیٹا نہ ہو:

| | زندہ ورثاء کی تفصیل | وراثت کا حصہ |
|---|---|---|
| 2.a | اگر کوئی اور رشتہ دار نہ ہو | اگر ایک بیٹی ہو تو سب وراثت اسے ملے گی، اور اگر ایک سے زیادہ ہوں تو وہ آپس میں برابر برابر تقسیم کریں گی۔ |
| 2.b | اگر بیوی زندہ ہے | $\frac{1}{8}$ بیوی کو ملے گا اور باقی $\frac{7}{8}$ جیسا کہ 2.a میں ہے۔ |
| 2.c | اگر خاوند زندہ ہے | $\frac{1}{4}$ خاوند کے لئے، اور $\frac{3}{4}$ جیسا کہ 2.a میں ہے۔ |
| 2.d | اگر والد زندہ ہے | اگر ایک بیٹی ہو تو $\frac{1}{2}$ بیٹی کے لئے اور باقی $\frac{1}{2}$ والد کے لئے۔<br>اگر ایک سے زیادہ بیٹیاں ہوں تو $\frac{2}{3}$ برابر برابر ان بیٹیوں میں تقسیم ہوگا، اور باقی $\frac{1}{3}$ والد کے لئے۔ |
| 2.e | اگر والدہ زندہ ہے | اگر ایک بیٹی ہو تو $\frac{1}{4}$ والدہ کے لئے اور $\frac{3}{4}$ بیٹی کے لئے۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہوں تو $\frac{1}{5}$ والدہ کے لئے ہوگا، اور $\frac{4}{5}$ بیٹیوں کے لئے ہوگا جسے وہ آپس میں برابر برابر تقسیم کریں گی۔ |
| 2.f | اگر والدین زندہ ہیں | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{1}{2}$ بیٹی کے لئے، $\frac{1}{3}$ والد کے لئے اور $\frac{1}{6}$ والدہ کے لئے۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{2}{3}$ بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا، $\frac{1}{6}$ والد کے لئے اور $\frac{1}{6}$ والدہ کے لئے۔ |
| 2.g | اگر بیوی اور والد زندہ ہیں | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{1}{2}$ بیٹی کے لئے، $\frac{3}{8}$ والد کے لئے اور $\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{2}{3}$ بیٹیوں کے لئے، $\frac{5}{24}$ والد کے لئے اور $\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے۔ |
| 2.h | اگر بیوی اور والدہ زندہ ہیں | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{21}{32}$ بیٹی کے لئے، $\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے، $\frac{7}{32}$ والدہ کے لئے۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے، $\frac{7}{40}$ والدہ کے لئے، اور $\frac{7}{10}$ بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 2.i | بیوی اور والدین زندہ ہیں | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{۱}{۸}$ بیوی کے لئے، $\frac{۱}{۶}$ والدہ کے لئے، $\frac{۱}{۲}$ بیٹی کے لئے اور $\frac{۵}{۲۴}$ والد کے لئے۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{۱}{۹}$ بیوی کے لئے، $\frac{۴}{۲۷}$ والدہ کے لئے، $\frac{۴}{۲۷}$ والد کے لئے اور $\frac{۱۶}{۲۷}$ بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |
| 2.j | خاوند اور والد زندہ ہیں | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{۱}{۴}$ خاوند کے لئے، $\frac{۱}{۴}$ والد کے لئے اور $\frac{۱}{۲}$ بیٹی کے لئے۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{۳}{۱۳}$ خاوند کے لئے، $\frac{۲}{۱۳}$ والد کے لئے اور $\frac{۸}{۱۳}$ بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |
| 2.k | خاوند اور والدہ زندہ ہیں | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{۱}{۴}$ خاوند کے لئے، $\frac{۳}{۱۶}$ والدہ کے لئے اور $\frac{۹}{۱۶}$ بیٹی کے لئے۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{۳}{۱۳}$ خاوند کے لئے، $\frac{۲}{۱۳}$ والدہ کے لئے اور $\frac{۸}{۱۳}$ بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |
| 2.l | اگر خاوند اور والدین زندہ ہیں | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{۳}{۱۳}$ خاوند کے لئے، $\frac{۲}{۱۳}$ والدہ کے لئے، $\frac{۲}{۱۳}$ والد کے لئے اور $\frac{۶}{۱۳}$ بیٹی کے لئے۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{۳}{۱۵}$ خاوند کے لئے، $\frac{۲}{۱۵}$ والدہ کے لئے، $\frac{۲}{۱۵}$ والد کے لئے اور $\frac{۸}{۱۵}$ بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |
| 2.m | دادا کے ساتھ (جبکہ والد اور بھائی زندہ نہیں) | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{۱}{۲}$ دادا کے لئے اور $\frac{۱}{۲}$ بیٹی کے لئے۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{۱}{۳}$ دادا کے لئے، اور $\frac{۲}{۳}$ بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |
| 2.n | اگر 2.m کے ساتھ بیوی زندہ ہو | جیسا کہ 2.g میں ہے، لیکن والد کی جگہ دادا ہوگا۔ |
| 2.o | اگر 2.m کے ساتھ خاوند زندہ ہو | جیسا کہ 2.j میں ہے، لیکن والد کی جگہ دادا ہوگا۔ |
| 2.p | اگر 2.m کے ساتھ دادی یا نانی زندہ ہو (والدہ نہ ہوں) | جیسا کہ 2.f میں، لیکن والد کی جگہ دادا، اور والدہ کی جگہ دادی۔ |
| 2.q | اگر 2.p کے ساتھ بیوی زندہ ہو | جیسا کہ 2.i میں، لیکن والد کی جگہ دادا، اور والدہ کی جگہ دادی۔ |
| 2.r | اگر 2.p کے ساتھ خاوند زندہ ہو | جیسا کہ 2.l میں، لیکن والد کی جگہ دادا، اور والدہ کی جگہ دادی۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 2.s | اگر 2.p (اور 2.q اور 2.r) کے ساتھ دادی اور نانی دونوں زندہ ہوں | 2.q،2.p اور 2.r میں جو حصہ ماں یا دادی/ نانی کے لیے تھا وہ دادی اور نانی دونوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔اور باقی جیسا کہ 2.q،2.p اور 2.r میں ہے۔ |
| 2.t | اگر بیٹے کا بیٹا ہو | اگرایک بیٹی ہےتو $\frac{1}{2}$ بیٹی کے لئے اور $\frac{1}{2}$ بیٹے کے بیٹے کے لئے۔<br>اگرایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{2}{3}$ بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا اور $\frac{1}{3}$ بیٹے کے بیٹے کو ملے گا۔ |
| 2.u | اگر بیٹے کے ایک سے زائد بیٹے ہوں (اورخواہ بیٹے کی بیٹیاں بھی ہوں) | جیسا کہ 2.t میں جبکہ بیٹے کے بیٹے کا حصہ بیٹے کے سب بیٹوں اور بیٹیوں میں 1.a کی طرح تقسیم ہوگا۔ |
| 2.v | اگر 2.u کے ساتھ بیوی یا خاوند زندہ ہو | اگرایک بیٹی ہےتو $\frac{1}{2}$ بیٹی کے لئے، $\frac{1}{4}$ خاوند کے لئے (یا $\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے) باقی 2.u کی طرح بیٹیوں کے بچوں میں تقسیم ہوگا۔<br>اگرایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{2}{3}$ بیٹیوں کے لئے، $\frac{1}{4}$ خاوند کے لئے (یا $\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے) باقی 2.u کی طرح بیٹیوں کے بچوں میں تقسیم ہوگا۔ |
| 2.w | اگر 2.v کے ساتھ والدین، یا دادا اور والدہ (جبکہ والد اور کوئی بھائی نہ ہو)، یا دادا اور دادی/ نانی (جبکہ والد اور کوئی بھائی اور والدہ نہ ہوں) | اگرایک بیٹی ہےتو:<br>اگر بیوی ہو: $\frac{1}{2}$ بیٹی کے لئے، $\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے، $\frac{1}{6}$ والد/ دادا کے لئے، $\frac{1}{6}$ والدہ/ دادی/ نانی کے لئے، $\frac{1}{24}$ 2.u کی طرح بیٹیوں کے بچوں میں تقسیم ہوگا۔<br>اگر خاوند ہو: $\frac{6}{13}$ بیٹی کے لئے، $\frac{3}{13}$ خاوند کے لئے، $\frac{2}{13}$ والد/ دادا کے لئے، $\frac{2}{13}$ والدہ/ دادی/ نانی کے لئے، اور بیٹے کے بچوں کو کچھ نہیں ملے گا۔<br>اگرایک سے زائد بیٹیاں ہوں تو:<br>اگر بیوی ہو: $\frac{16}{27}$ بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا، $\frac{1}{9}$ بیوی کے لئے، $\frac{4}{27}$ والد/ دادا کے لئے، $\frac{4}{27}$ والدہ/ دادی/ نانی کے لئے، اور بیٹے کے بچوں کو کچھ نہیں ملے گا۔<br>اگر خاوند ہو: $\frac{8}{15}$ بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا، $\frac{3}{15}$ خاوند کے لئے، $\frac{2}{15}$ والد/ دادا کے لئے، $\frac{2}{15}$ والدہ/ دادی/ نانی کے لئے، اور بیٹے کے بچوں کو کچھ نہیں ملے گا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 2.x | اگر بیٹے کی بیٹیاں زندہ ہوں | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{۳}{۴}$ بیٹی کے لئے اور $\frac{۱}{۴}$ بیٹے کی بیٹیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو سب وراثت بیٹیوں کو ملے گی جسے وہ آپس میں برابر برابر تقسیم کرلیں گی، اور بیٹے کی بیٹیوں کو کچھ نہیں ملے گا۔ |
| 2.y | یکساں والدین سے بہنیں ہوں (جبکہ بھائی نہ ہوں) یا یکساں والدین سے بھائی ہوں (جبکہ بہنیں نہ ہوں) | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{۱}{۲}$ بیٹی کے لئے اور $\frac{۱}{۲}$ بہنوں یا بھائیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{۲}{۳}$ بیٹیوں کے لئے اور $\frac{۱}{۳}$ بہنوں یا بھائیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |
| 2.z | اگر یکساں والدین سے بھائی اور بہن زندہ ہوں | اگر ایک بیٹی ہے تو $\frac{۱}{۲}$ بیٹی کے لئے اور $\frac{۱}{۲}$ بہنوں اور بھائیوں میں اس طرح تقسیم ہوگا کہ مرد کو عورت سے دوگنا ملے گا۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{۲}{۳}$ بیٹیوں کے لئے اور $\frac{۱}{۳}$ بہنوں اور بھائیوں میں اس طرح تقسیم ہوگا کہ مرد کو عورت سے دوگنا ملے گا۔ |
| 2.aa | اگر 2.y کے ساتھ بیوی یا خاوند ہو، یا 2.z کے ساتھ بیوی یا خاوند ہو | اگر ایک بیٹی ہو تو:<br>اگر بیوی ہو تو: $\frac{۱}{۲}$ بیٹی کے لئے، $\frac{۱}{۸}$ بیوی کے لئے، $\frac{۳}{۸}$ بہنوں/ بھائیوں کے درمیان جیسے 2.y یا 2.z میں ہے۔<br>اگر خاوند ہو تو: $\frac{۱}{۲}$ بیٹی کے لئے، $\frac{۱}{۴}$ خاوند کے لئے، $\frac{۱}{۴}$ بہنوں/ بھائیوں کے درمیان جیسے 2.y یا 2.z میں ہے۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{۲}{۳}$ بیٹیوں کے لئے، $\frac{۱}{۴}$ خاوند کے لئے (یا $\frac{۱}{۸}$ بیوی کے لئے)، بقیہ بہنوں/ بھائیوں کے درمیان جیسے 2.y یا 2.z میں ہے۔ |
| 2.ab | سگے چچا (ایک ہوں یا ایک سے زائد) | اگر ایک بیٹی ہو تو $\frac{۱}{۲}$ بیٹی کے لئے، اور باقی چچا کے لیے (یا چچاؤں کے درمیان برابر برابر تقسیم ہوگا)۔<br>اگر ایک سے زائد بیٹیاں ہیں تو $\frac{۲}{۳}$ بیٹیوں کے لئے، اور باقی چچا کے لیے (یا چچاؤں کے درمیان برابر برابر تقسیم ہوگا)۔ |

۞ **تیسری صورت: جبکہ بیٹے یا بیٹیوں کے بچے زندہ ہوں اور بیٹے اور بیٹاں فوت ہو چکے ہوں:**

اس صورت میں جائداد صورتِ اول اور صورتِ دوم کی طرح تقسیم ہوگی جبکہ بیٹی کی جگہ بیٹے کی بیٹی اور بیٹے کی جگہ بیٹے کا بیٹا تبدیل کیا جائے گا۔

۞ **چوتھی صورت: والدین زندہ ہیں اور اولاد نہیں ہے:**

| | زندہ ورثاء کی تفصیل | وراثت کا حصہ |
|---|---|---|
| 4.a | والد زندہ ہے اور والد کا کوئی بھائی یا بہن زندہ ہے | سب جائداد والد کو ملے گی۔<br>کسی بھائی بہن کو کچھ نہیں ملے گا۔ |
| 4.b | والد زندہ ہے اور خاوند یا بیوی زندہ ہے | اگر خاوند زندہ ہے تو ۱/۲ خاوند کے لئے اور باقی والد کے لئے۔<br>اگر بیوی زندہ ہے تو ۱/۴ بیوی کے لیے اور باقی والد کے لئے۔ |
| 4.c | والد اور والدہ زندہ ہیں (میت کا کوئی بہن یا بھائی موجود نہیں) | ۱/۳ والدہ کے لئے اور باقی والد کے لئے۔ |
| 4.d | 4.c اور بیوی یا خاوند زندہ ہیں | اگر خاوند زندہ ہے تو ۱/۲ خاوند کے لئے، ۱/۶ والدہ کے لئے، باقی والد کے لئے۔<br>اگر بیوی زندہ ہے تو ۱/۴ بیوی کے لئے، ۱/۴ والدہ کے لئے، باقی والد کے لئے۔ |
| 4.e | 4.c یا 4.d اور کسی طرف کے بھی ایک سے زائد بھائی/ بہن ہوں | ۱/۶ والدہ کے لئے، بہنوں بھائیوں کو کچھ نہیں ملے گا، باقی والد کے لئے۔<br>۱/۶ والدہ کے لئے، ۱/۴ بیوی کے لئے (یا ۱/۲ خاوند کے لئے) باقی والد کے لئے، بہنوں بھائیوں کو کچھ نہیں ملے گا۔ |
| 4.f | صرف والدہ زندہ ہے | سب والدہ کو ملے گا۔ |
| 4.g | والدہ اور خاوند یا بیوی | ۱/۴ بیوی کے لئے (یا ۱/۲ خاوند کے لئے) اور باقی والدہ کے لئے۔ |
| 4.h | والدہ اور ایک بھائی یا ایک بہن مشترکہ (same) والدین سے ہو (یا والد کی طرف سے ہو) | ۱/۳ والدہ کے لئے، باقی بھائی کے لئے۔<br>۲/۵ والدہ کے لئے، ۳/۵ بہن کے لئے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 4.i | 4.h اور خاوند یا بیوی زندہ ہیں | $\frac{1}{3}$ والدہ کے لئے، $\frac{1}{4}$ بیوی کے لئے (یا $\frac{1}{2}$ خاوند کے لئے)، اور باقی بھائی کے لئے۔<br>$\frac{4}{13}$ والدہ کے لئے، $\frac{3}{13}$ بیوی کے لئے، $\frac{6}{13}$ بہن کے لئے۔<br>$\frac{2}{8}$ والدہ کے لئے، $\frac{3}{8}$ خاوند کے لئے، $\frac{3}{8}$ بہن کے لئے۔ |
| 4.j | والدہ اور کم از کم دو بھائی یا کم از کم ایک بھائی اور ایک بہن مشترکہ (same) والدین سے (یا والد کی طرف سے) | $\frac{1}{6}$ والدہ کے لئے، باقی بھائیوں کے لئے، یا بھائیوں اور بہنوں میں 1.a کے مطابق تقسیم ہوگا۔ |
| 4.k | 4.j اور خاوند یا بیوی زندہ ہیں | $\frac{1}{6}$ والدہ کے لئے، $\frac{1}{4}$ بیوی کے لئے (یا $\frac{1}{2}$ خاوند کے لئے)، باقی بھائیوں اور بہنوں میں 1.a کے مطابق تقسیم ہوگا۔ |
| 4.l | والدہ اور دو یا زیادہ بہنیں مشترکہ (same) والدین سے (یا والد کی طرف سے) | $\frac{1}{5}$ والدہ کے لئے، $\frac{4}{5}$ بہنوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |
| 4.m | 4.l اور خاوند یا بیوی زندہ ہیں | $\frac{3}{8}$ خاوند کے لئے، $\frac{1}{8}$ والدہ کے لئے، اور $\frac{4}{8}$ بہنوں میں برابر تقسیم ہوگا۔<br>$\frac{3}{13}$ بیوی کے لئے، $\frac{2}{13}$ والدہ کے لئے، اور $\frac{8}{13}$ بہنوں میں برابر تقسیم ہوگا۔ |
| 4.n | والدہ اور ایک بھائی یا ایک بہن والدہ کی طرف سے | $\frac{2}{3}$ والدہ کے لئے، $\frac{1}{3}$ بھائی یا بہن کے لئے۔ |
| 4.o | اگر 4.n اور خاوند یا بیوی زندہ ہوں | اگر خاوند زندہ ہے تو $\frac{1}{2}$ خاوند کے لئے، $\frac{1}{3}$ والدہ کے لئے اور $\frac{1}{6}$ بھائی یا بہن کے لئے۔<br>اگر بیوی زندہ ہے تو $\frac{1}{4}$ بیوی کے لئے، $\frac{1}{2}$ والدہ کے لئے اور $\frac{1}{4}$ بھائی یا بہن کے لئے۔ |
| 4.p | والدہ زندہ ہو اور والدہ کی طرف سے ایک سے زیادہ بھائی اور بہنیں ہوں (یا ایک سے زیادہ بھائی ہوں، یا ایک سے زیادہ بہنیں ہوں) | $\frac{1}{3}$ والدہ کے لئے، $\frac{2}{3}$ بہنوں اور بھائیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 4.q | 4.p اور خاوند یا بیوی زندہ ہو | اگر خاوند زندہ ہے تو $\frac{1}{2}$ خاوند کے لئے، $\frac{1}{6}$ والدہ کے لئے، اور $\frac{1}{3}$ بہنوں اور بھائیوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔<br>اگر بیوی زندہ ہے تو $\frac{1}{4}$ بیوی کے لئے، $\frac{1}{4}$ والدہ کے لئے، اور $\frac{1}{2}$ بھائیوں اور بہنوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |
| 4.r | اگر والدہ اور دادا زندہ ہیں (جبکہ بہنیں اور بھائی نہیں ہیں) | $\frac{1}{3}$ والدہ کے لئے اور باقی دادا کے لئے۔ |
| 4.s | 4.r اور بیوی یا خاوند زندہ ہے | $\frac{1}{3}$ والدہ کے لئے، $\frac{1}{4}$ بیوی کے لئے (یا $\frac{1}{2}$ خاوند کے لئے)، اور باقی دادا کو ملے گا۔ |
| 4.t | والدہ اور سگے بھائی کا بیٹا | $\frac{1}{3}$ والدہ کے لئے اور باقی بھائی کے بیٹے کے لئے۔ |
| 4.u | اگر 4.t اور خاوند یا بیوی زندہ ہو | $\frac{1}{3}$ والدہ کے لئے، $\frac{1}{4}$ بیوی کے لئے (یا $\frac{1}{2}$ خاوند کے لئے)، اور باقی بھائی کے بیٹے کے لئے۔ |
| 4.v | والدہ اور سگا چچا | $\frac{1}{3}$ والدہ کے لئے اور باقی چچا کے لئے۔ |
| 4.w | اگر 4.v اور خاوند یا بیوی زندہ ہو | 4.m کی طرح، البتہ بھائی کے بیٹے کی جگہ چچا کو رکھیں۔ |
| 4.x | والد اور نانی زندہ ہوں (جب کہ والدہ نہ ہوں) | $\frac{1}{6}$ نانی کے لئے اور باقی والد کے لئے۔ |
| 4.y | والدہ اور دادا اور بھائی | $\frac{1}{6}$ والدہ کے لئے اور باقی بھائیوں اور دادا میں برابر تقسیم ہوگا بشرطیکہ دادا کو $\frac{1}{3}$ سے کم نہ ملے (اس صورت میں دادا کو $\frac{1}{3}$ ملے گا اور باقی بھائیوں میں برابر تقسیم ہوگا)۔ |

**۞ پانچویں صورت: خاوند یا بیوی زندہ ہو۔ بچے نہیں ہیں، والدین نہیں ہیں اور دادا نہیں ہے:**

| | زندہ ورثاء کی تفصیل | وراثت کا حصہ |
|---|---|---|
| 5.a | اگر خاوند زندہ ہے | $\frac{1}{2}$ خاوند کے لئے، باقی اپنے پسندیدہ رفاہی ادارے کو دیا جائے گا۔ |
| 5.b | اگر بیوی زندہ ہے | $\frac{1}{4}$ بیوی کے لئے، اور باقی جیسا کہ 5.a میں ہے۔ |
| 5.c | ایک بھائی یا ایک سے زیادہ بھائی بہنیں زندہ ہوں | $\frac{1}{4}$ بیوی کے لئے (یا $\frac{1}{2}$ خاوند کے لئے)، باقی ایک بھائی کو ملے گا یا باقی سب بھائیوں اور بہنوں میں اس طرح تقسیم ہوگا کہ ہر بھائی کو ہر بہن سے دوگنا ملے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 5.d | اگر بہنیں زندہ ہیں | $\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے (یا $\frac{1}{2}$ خاوند کے لئے)، باقی ایک بہن کو ملے گا یا سب بہنوں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |
| 5.e | اگر بھائیوں کے بیٹے ہوں، یا بھائیوں کے بیٹے اور بیٹیاں ہوں | جیسا کہ 5.c میں جب کہ بہن کی جگہ بھتیجی لکھا جائے گا اور بھائی کی جگہ بھتیجا لکھا جائے گا۔ |
| 5.f | اگر ایک یا ایک سے زائد چچا زندہ ہوں | $\frac{1}{8}$ بیوی کے لئے (یا $\frac{1}{2}$ خاوند کے لئے)، باقی چچاؤں میں برابر برابر تقسیم ہوگا۔ |

**نوٹ:** اگر ان کے علاوہ کوئی اور صورت ہو تو کسی معروف اسلامی یونیورسٹی کے فقہ کے پروفیسر صاحبان سے رجوع کریں۔

امتیاز احمد

ماسٹر آف فلاسفی (لندن)

پتہ: مدینہ منورہ، پوسٹ بکس: 4321، سعودی عرب

Email: imtiazmadina@gmail.com